© rasailojaraid.com

## اخبار الوفاق

☆ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے سالانہ امتحان 1435ھ کے 11196 پرچہ جات پر نظر ثانی کی درخواستیں وصول ہوئی تھیں۔ درخواستوں پر کارروائی مکمل ہو چکی ہیں۔ نظر ثانی شدہ نتائج مدارس کو ارسال کر دیے گئے ہیں۔

☆ وفاق المدارس کے ضمنی امتحان 1435ھ مورخہ 13، 14، 15 ستمبر 2014ء کو منعقد ہوئے۔ ضمنی امتحان کے لئے 29564 طلبہ وطالبات کے داخلہ فارم وصول ہوئے۔ ان طلبہ وطالبات کے لئے کل 180 مراکز امتحان قائم کیے گئے۔ حالیہ تباہ کن سیلاب کے باوجود ملک بھر کے تمام امتحانی مراکز میں بروقت امتحانات کا انعقاد ہوا۔ ضمنی امتحان کے نتائج کا اعلان ذوالحجہ کے پہلے عشرے میں ہوگا۔

**دستور کمیٹی کا اجلاس:**

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ نے ,,دستور وفاق،، میں بعض ترامیم منظور کی تھیں اور ترامیم کے ساتھ دستور دوبارہ مرتب کرنے کے لئے دستور کمیٹی میں پیش کرنے کی ہدایت کی تھی۔ مجلس عاملہ کی منظور کردہ ترامیم کی روشنی میں دستور کمیٹی نے اپنے دو روزہ اجلاس منعقدہ 16، 17 ذیقعدہ 1435ھ مطابق 12، 13 ستمبر 2014ء میں دستور وفاق کو حتمی شکل دے دی ہے۔

### متاثرین سیلاب کے ساتھ تعاون کی اپیل

"ملک بھر میں حالیہ تباہ کن سیلاب سے بہت زیادہ جانی و مالی نقصان ہوا ہے۔ قائدین وفاق نے متاثرین کے ساتھ اظہار ہمدردی ویکجہتی اور سیلاب سے ہونے والے نقصان پر گہرے دکھ اور رنج کا اظہار فرمایا ہے۔ اس موقع پر پاکستانی قوم، خصوصا تمام رفاہی اور فلاحی اداروں سے اپیل کی ہے کہ متاثرین کی بحالی اور مدد کے لئے ہر ممکن کوشش کریں اور انصار مدینہ کے جذبہ ایثار کی یاد تازہ کریں۔ قائدین نے حکومت سے بھی مطالبہ کیا ہے کہ تمام تر ممکنہ وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے متاثرین سیلاب کی آبادکاری کیلئے کوشش کرے۔

وفاق المدارس کے علاقائی مسؤلین کو ہدایت کی گئی ہے کہ سیلاب سے متاثرہ مدارس ومساجد کے کوائف بمع نقصان کی تفصیل، جلد از جلد دفتر وفاق کو ارسال فرمائیں۔ نیز اہل خیر سے متاثرہ مدارس ومساجد کے ساتھ بھرپور تعاون کی اپیل کی ہے"۔

© rasailojaraid.com